© rasailojaraid.com



اسلامی معیشت وتجارت

# نوٹ ثمن عرفی ہے نہ کہ سند حوالہ

پیش کردہ :اسلام آباد فقہی سیمنار

(مقالہ نگار) حضرت مولانا مفتی تاج زرین

(استاذ) دارلعلوم عربیہ شیر گڑھ مردان

| ذیلی عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|
| نوٹ کے بارے شرعی اصول اور قواعد کی رو سے علماء کی رائیں | 1) |
| کرنسی نظام کی ابتداء اور انتہاء | 2) |
| حاصل بحث | 3) |

حضرت مولانا مفتی تاج زرین بزرگ عالم دین اور جید مفتی ہیں موصوف جامعہ عربیہ دارلعلوم شیر گڑھ مردان کے شیخ الحدیث اور صدر مفتی ہیں فاضل موصوف اپنی ضعف و پیرانہ سالی کے باوصف جدید موضوعات پر تحقیقی ذوق کا حامل ہے اس سے قبل کئی اہم موضوعات پر مقالات لکھ چکے ہیں جامعۃ المرکز کے زیر ادارت منعقدہ سیمنار بمورخہ 16-15/ مارچ 2003ء بعنوان اسلام کا مالیاتی نظام پر موصوف کو مقالہ پیش کرنے کی دعوت دی گئی۔ حضرت شیخ الحدیث نے عنوان کے ذیلی موضوع نوٹ ثمن عرفی ہے یا سند حوالہ پر تحقیقی مقالہ مرتب کر کے خود ہی پیش کی۔ شمارہ ہذا میں موصوف کا مقالہ من وعن شامل کرلیا گیا ہے۔

(ادارہ)

**الحمد الله الذی انزل علیٰ عبده الکتاب ولم یجعل له عِوَجاً ووعدنبیه ورسوله تفسیر کتابهٖ فقال جل جلاله ثم ان علینا بیانه وقال تعالی لقد مَنّ الله علی المؤمنین اذ بعث فیهم رسولاً منهم یتلوا علیهم ایاته ویزکیهم ویعلمهم الکتاب والحکمة وان کانو امن قبل لفی ضللٍ مبین وجعل العلماء ورثة لانبیاء وامر الامة باتباعهم فقال تعالیٰ واطیعو الله واطیعو الرسول واولی الامرمنکم (ای العلماء والفقهاء) وخص المؤمنین علی التفقه فی الدین بقوله ماکان المؤمنین لینفروا کافة فلولا نفرمن کل فرقة منهم طائفة لیتفقهوا فی الدین ولینذروا قومهم اذارجعو الیهم لعلهم یحذرون والصلوة والسلام علی اشرف الانبیآء والمرسلین وعلی اله واصحابه الذین جهد هم فی اعلآء کلمة الحق تبلیغ الدین وعلی مَنْ تبعهم من الفقهاء والمجتهدین الی یوم الدین .**

امابعد: اسلام ایک مکمل نظام حیات ہے جس میں زندگی کی تمام شعبوں (عبادات، اخلاقیات، معاملات) سب کیلئے قوانین مقرر کی گئی ہیں۔ جن کی بنیاد چار اصول ہے قرآن، حدیث، اجماع اور قیاس شرعی ان چاروں اصولوں کے ذریعہ سے ائمہ مجتہدین نے اسلام کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



احکام کیلئے اصول وضع کئے ہیں جن کے ذریعہ تایوم القیامۃ تمام فروعات کے احکام معلوم کئے جاسکتے ہیں۔ اسی بناء پر دنیا میں جو ایجادات رونما ہوتے ہیں ان قواعد شرعیہ کے ذریعہ ماہرین علوم شرعیہ اس کے احکام بتاتے ہیں ان نئی ایجادات میں سے ایک نوٹ ہے نوٹ کے بارے میں شرعی اصول اور قواعد کی رو سے علماء کی دو رائیں ہیں۔

(۱) یہ نوٹ سند حوالہ ہے مطلب یہ ہے کہ جس شخص کو یہ نوٹ دی جاتی ہے نوٹ پر لکھے ہوئے رقم جو کہ نوٹ کے دینے والے بنک پر قرض ہے یعنی جو شخص کسی سے سو روپے کے نوٹ کے ذریعہ جو چیز خریدنا چاہتا ہے مثلاً گندم، کپڑا وغیرہ یہ نوٹ دینے والے دوکاندار کو بنک پر حوالہ کرتا ہے۔ کہ بنک پر جو میرا قرضہ ہے۔ جس کے مقدار نوٹ پر لکھی گئی ہے۔ وہ دوکاندار کے طرف سے واجب الاداء رقم دکاندار نوٹ کی وساطت سے بنک سے وصول کرے اس کو شریعت میں حوالہ کہا جاتا ہے نوٹ کا دینے والا محیل اور لینے والا دکاندار محتال اور بنک محتال علیہ اور نوٹ پر لکھی ہوئی رقم محتال بہ ہوگا۔ اور یہ معاملہ حوالہ ہوگا۔ یہ ایک رائے ہے اس رائے کے متفرعات میں سے ایک یہ ہے کہ نوٹ دینے سے زکوٰۃ، نذر یعنی عبادات مالیہ ادا نہیں ہوسکتے ہے۔ جب تک کہ وہ فقیر جس کو یہ نوٹ دی گئی ہے۔ کسی معاوضہ مالی میں صرف نہ کرے۔ کیونکہ جب یہ نوٹ مال کا رسید ہے، اور مال نہیں، تو اس کے دینے سے مالی عبادات ادا نہ ہوگی۔ اور جب فقیر نوٹ کے عوض کسی سے کوئی چیز خرید لے۔ تو اس وقت وہ خریدی ہوئی چیز نوٹ کے اول مالک (جس نے فقیر کو نوٹ دی ہے) کی ملک متصور ہو کر بذریعہ رسید فقیر وصول کرتا ہے۔ تو اس وقت اس کا مالی عبادت ادا ہو جائے گا۔ اور اسی طرح جس شخص کے ذمہ قرض ہے تو مقروض کے نوٹ وصول کرنے کے بعد نوٹ کو کسی مال میں صرف کرنے کے بعد ادا ہو جائے گا۔ اور نوٹ کے ذریعہ سونے چاندی کا معاملہ بھی جائز نہ ہوگا۔ کیونکہ نوٹ بوجہ رسید چاندی یا سونے کا سونے، چاندی کے عوض میں دینا بیع صرف ہے۔ اور بیع صرف میں دونوں عوضوں کا مجلس عقد میں وصول کرنا ضروری ہے اور اس صورت میں نوٹ پر لکھی ہوئی چیز بنک کے ذمہ قرض ہے۔ جو کہ وصولی مجلس عقد میں موجود نہیں۔

اسی طرح نوٹوں کا تبادلہ بھی جائز نہ ہوگی کیونکہ بیع الکالی بالکالی ہے۔ یعنی بیع النسیہ بالنسیہ ہے۔ جو کہ حدیث کی رو سے ممنوع ہے۔

۲۔ دوسری رائے یہ ہے کہ نوٹ ثمن عرفی ہے۔ جیسا کہ فلوس نافقہ ثمن عرفی ہے۔ اسی دوسرے رائے کی بناء پر نوٹ پر فلوس نافقہ کے احکام جاری ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس رائے کی بناء پر نوٹ کے دینے سے تمام عبادات مالیہ فی الفور ادا ہو جاتے ہیں یعنی زکوٰۃ، صدقہ فطر، نذر، کفارات نوٹ کے قوت خرید کی مقدار کے مناسب ادا ہو جاتے ہیں۔ اور نوٹ کے ذریعہ سونے چاندی کی خرید فروخت بھی جائز ہے۔ کیونکہ یہ بیع صرف نہیں۔ بیع صرف میں دونوں عوضوں کی ثمن خلقی ہونا ضروری ہے۔ نوٹوں کے تبادلہ میں امام محمدؒ کے قول کی بناء پر مساوات ضروری ہے۔ مثلاً ایک روپے کا نوٹ دو روپے کے عوض دینا جائز نہ ہوگا۔ اور امام ابو یوسفؒ اور امام اعظمؒ کے رائے کے مطابق جائز ہوگا۔ جیسا کہ فلوس نافقہ کے بارے میں ان کا اختلاف ہے۔

نوٹ کے بارے میں علماء کی مذکورہ اختلاف کی بنیاد دنیا میں کرنسی نظام میں انقلابات اور تبدیلیاں ہیں۔

جس کی ابتداء اور انتہاء یہ ہے کہ............ (۱) ابتداء میں لوگ اپنی ضروریات پوری کرنے کیلئے اشیاء کی اجناس میں تبادلہ کرتے تھے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مثلاً گندم کے ذریعہ مکئی حاصل کرتے تھے یا جو یا سونا یعنی جس کی ضرورت ہوتی اس کو اپنے پاس موجود چیز کے ذریعہ حاصل کرتے تھے۔

(۲) اس کے بعد یہ رواج شروع ہوا کہ جو چیز کثیر الاستعمال ہو وہ ذریعہ تبادلہ مقرر کرتے تھے۔ مثلاً آٹا اور غلہ ذریعہ بناتے تھے۔

(۳) اس کے بعد سونا چاندی کثرت قیمت اور کمی ثقل کی وجہ سے معیار تبادلہ مقرر ہوئے لیکن اس میں کسی خاص صورت کی ضرورت نہ تھی۔ بلکہ وزن کی مقدار معتبر تھا۔ خواہ وہ برتن کی صورت میں ہو یا زیور کی صورت میں یا سونے چاندی کی سادہ ٹکڑے کی صورت میں ہو۔

(۴) اس کے بعد ساتویں صدی عیسوی میں سونے چاندی کی مہر شدہ سکّوں کی رواج شروع ہوئی۔ لیکن اس میں اعتبار وزن کا تھا۔ یعنی مہر شدہ سکے کی جو وزن حقیقی ہو اسی کے بناء پر اس کی قیمت معتبر تھی۔ یعنی مہر شدہ اور غیر مہر شدہ دونوں میں وزن معتبر تھا۔ اس سکے کی ابتداء چینیوں نے کی ہے۔ جیسا کہ ابن بطوطہ نے لکھا ہے۔ جیسا کہ الورق النقدی نامی کتاب میں لکھا گیا ہے۔ لیکن اس میں لوگ خود مختار تھے۔ حکومت کی طرف سے کسی قسم کی پابندی نہیں تھی۔ لوگوں کو اختیار تھا کہ مہر شدہ سکے استعمال کرے یا غیر مہر شدہ سونے چاندی کے ٹکڑے یا برتن اشیاء کی خرید و فروخت میں استعمال کرے۔

(۵) بعض ملکوں میں سونے کی مہر شدہ سکوں کا رواج تھا، اور بعض چاندی کے اور بعض ملکوں میں دونوں قسم کے سکے رائج تھے۔ اور جن ملکوں میں سونے اور چاندی دونوں کے سکے رائج تھے۔ یعنی اس کا رواج تھا ان کے درمیان ایک تناسب مقرر کیا تھا۔ مثلاً سونے کا ایک سکّہ چاندی کے سولہ سکّوں کے برابر تھا۔ لیکن اس کی وجہ سے بعض ملکوں سے سونے کا نکلنا شروع ہو گیا۔ جس سے بعض ملکوں کو نقصان اٹھانا پڑا۔

(۶) اس کے بعد سونے اور چاندی کے سکّوں میں اگر چہ نقل و حمل کی آسانی تھی۔ لیکن اس میں چوری ہونے کا خطرہ زیادہ موجود تھا۔ اس کی وجہ سے تاجروں نے یہ دستور شروع کیا کہ سکّوں کو امانت دار صرافوں کے پاس جمع کر کے اس سے کاغذی رسید لیتے تھے۔ تا کہ سونا چاندی محفوظ ہوں پھر صرافوں کی اعتماد زیادہ ہونے کی وجہ سے لوگوں میں اس رسیدوں کے ذریعہ خرید و فروخت شروع ہو گیا۔ لیکن ان رسیدوں کی کوئی خاص شکل نہ تھی۔ (یہ ہے نوٹ کی ابتداء کی بنیاد)

(۷) اس کے بعد ۱۷۰۰ عیسوی میں اس رسیدی کاغذ نے ایک خاص شکل (صورت) اختیار کر لی اور سویڈن کے اسٹاک ہوم بنک نے اسے بطور کاغذی نوٹ جاری کیا۔ اس وقت میں چونکہ یہ نوٹ رسید کی حیثیت رکھتا تھا۔ اس لئے بنک صرف اتنی مقدار میں نوٹ نکلواتے تھے۔ جس کے مساوی مقدار کی سونا بنک کے پاس موجود ہو۔ اور بنک اس کا ذمہ دار تھا کہ نوٹ پر لکھی ہوئی مقدار سونا حامل نوٹ کو مطالبہ پر ادا کرے۔ لیکن اس وقت نوٹ کے ذریعہ لین دین اختیاری تھا۔ یعنی فروخت کرنے والے کو اختیار تھا۔ کہ نوٹ کے ذریعہ فروخت کرے یا سونے چاندی کے ذریعہ پھر ۱۸۳۳ء میں نوٹ کے زیادہ استعمال ہونے کی وجہ سے حکومت نے نوٹ کے ذریعہ کاروبار کو لازمی قرار دے دیا۔ یعنی فروخت کرنے والے پر یہ لازم کیا گیا۔ کہ اگر خریدار نوٹ دے۔ تو ضرور قبول کرے لیکن اس وقت تک نوٹ جاری کرنے والے بنکوں پر لازم تھا کہ جتنا سونا ان کے پاس موجود ہو اس سے زیادہ نوٹ نہ چھپوائے پھر حکومتوں کو ایسے حالات پیش آئے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کہ حکومتیں اس پر مجبور ہوئیں کہ نوٹوں کی چھپوانے کے لئے اس کے مساوی مقدار کے سونے کے موجودگی کے شرط ختم کی جائے۔اس لئے رفتہ رفتہ ترتیب وار اندرون ملک نوٹ کے بدلہ میں بنک سے اس پر لکھی ہوئی سونے چاندی کے مقدار کی مطالبے کے حق کو ختم کیا گیا۔لیکن ملکوں کے درمیان یہ شرط باقی رہا۔یعنی جس ملک کے سکے دوسرے ملک میں چلی جائے۔تو بوقت مطالبہ اس کو اتنی مقدار کا سونا ادا کرنا لازم تھا۔آخر کار ترتیب وار تغیرات کے بعد ۱۵ اگست ۱۹۷۱ء کو نوٹ نے ثمن عرفی کی حیثیت اختیار کی۔نوٹ کے سونے یا چاندی کے ساتھ کوئی تعلق نہ رہا۔بلکہ نوٹ کے لین دین کرنے والے کے ذہن سے اس کا تصور ختم ہو گیا۔اور نوٹ کے قوت خرید کی بناء پر اس کی استعمال شروع ہو گئی تو جن علماء کا رائے (خیال) ہے کہ یہ سند حوالہ ہے وہ نوٹ کی ابتدائی حالت کے اعتبار سے ہے۔اور جو علماء کرام اس کو ثمن عرفی کہتے ہیں اس کی بنیاد نوٹ کی آخری حال ہے۔جو کہ ۱۹۷۱ء کے بعد ہے۔نوٹ کے ۱۹۷۱ء کے بعد کی حالت کی اعتبار کی بناء پر ۱۶ اکتوبر ۱۹۸۶ء اسلامی فقہ اکیڈمی جدہ کی قرارداد نے ۶۱/۹/۱۳ میں لکھا ہے۔کہ کاغذی نوٹ فقہی اعتبار سے نقود اعتبار یہ کی حیثیت رکھتی ہے۔اور اس میں ثمنیت مکمل طور پر موجود ہے۔اور شریعت میں ربا، زکوٰۃ، سلم وغیرہ کے معاملے میں سونے اور چاندی کے جو احکام طے شدہ ہیں۔وہی احکام ان نوٹوں پر بھی جاری ہوں گے۔(بحوالہ قراردادیں اور سفارشات ص ۵۲)(اسلامی فقہ اکیڈمی جدہ) نوٹ کی ابتدائی حالت کے اعتبار پر اس کو قرض کی سند اور رسید جاننے کی بناء پر ہندوستان کے بہت سے علماء نے اس کو قرض کی سند جان کر اس کے ذریعہ زکوٰۃ اور دیگر واجبات کی ادائیگی کو اس کے صرف کرنے پر موقوف کیا یعنی جب تک نوٹ کسی چیز کی خریداری میں صرف نہ کی جائے اس وقت کی واجبات ادا نہ ہوں گے۔ان علماء نے یہ فیصلہ علامہ سید احمد الحسنیؒ کتاب " **الھجۃ المشتاق فی بیان حکم زکوٰۃ الاوراق** " میں نوٹ کی مندرجہ ذیل تعریف کی بناء پر کیا ہے۔

جب ہم نے لفظ" بنک نوٹ " کی ماہیت کے بارے میں تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ یہ فرانسیسی زبان کی اصطلاح ہے۔اور" لاروس" جو فرانسیسی زبان کی سب سے بڑی اور مشہور لغت ہے۔اس میں بنک نوٹ کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں" بنک نوٹ ایک کرنسی نوٹ ہے جس کے حامل کو مطالبے کے وقت اس نوٹ کی حقیقی قیمت دے دی جائیگی اور ان نوٹوں کے ساتھ بھی اسی طریقے سے لین دین کیا جاتا ہے۔جس طرح دھات کی کرنسی کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔البتہ یہ نوٹ مضمون ہوتے ہیں یعنی اس کے بدل کی ضمانت دی جاتی ہے۔تا کہ لوگ اس کے لین دین پر اعتماد کریں۔

لہٰذا اس تعریف میں یہ الفاظ" اس کے حامل کو مطالبے کے وقت اس نوٹ کی حقیقی قیمت ادا کر دی جائے گی" بغیر کسی شک کے اس بات پر دلالت کر رہے ہیں۔کہ یہ نوٹ قرض کی سند ہے۔البتہ اس تعریف میں جو دوسرے الفاظ ہیں کہ" ان نوٹوں کے ساتھ بھی اسی طریقہ پر لین دین کیا جاتا ہے۔جس طرح دھات کی کرنسی کیساتھ کیا جاتا ہے۔"اس عبارت سے کوئی شخص اس کے مال یا ثمن ہونے کا وہم نہ کرے۔اس لئے کہ اس عبارت کا مطلب صرف اتنا ہے۔کہ لوگ کرنسی کے بجائے ان نوٹوں کو لین دین میں قبول کر لیتے ہیں۔صرف اسی خیال سے کہ مطالبہ کے وقت اس کی قیمت حامل نوٹ کو وصول ہو جائے گی۔اور حکومت اس نوٹ کی قیمت کی ادائیگی کا ضامن ہے۔لہذا یہ تعریف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صراحتہً اس بات پر دلالت کر رہی ہے۔ کہ یہ نوٹ قرض کی سند اور دستاویز ہے۔ اور اسی زمانہ کے علماء کی ایک بڑی جماعت نے نوٹ کو ثمن عرفی (فلوس نافقہ) قرار دیا تھا۔ اور اسی مسئلہ پر مسند احمد کے اور شارح علامہ احمد ساعاتیؒ نے تفصیلی بحث فرمائی ہے وہ لکھتے ہیں۔

**" فالذی اراہ حقا وادین اللہ علیہ " ان حکم الورق المالی کحکم النقدین فی الزکوٰۃ سواءً بسواءٍ لانہ یتعامل بہ کا النقدین تماماً ولان ملکہ یمکنہ صرفہ وقضاءِ مصالحہ بہ فی ای وقت شاء فمن ملک النصاب من الورق المالی ومکث عندہ حولاً کاملاً وجبت علیہ زکوتہ .**

ترجمہ عبارت: میرے نزدیک صحیح بات جس پر میں اللہ تعالیٰ کے حضور جواب دہ ہوں یہ ہے کہ زکوٰۃ کے وجوب اور اس کی ادائیگی کے مسئلہ میں ان کاغذی نوٹوں کا حکم بھی بعینہ سونے چاندی کے حکم کی طرح ہے اس لئے لوگوں میں ان نوٹوں کا لین دین بالکل اسی طرح جاری ہے۔ جس طرح سونے چاندی کا لین دین رائج ہے۔ اور ان نوٹوں کے مالک کو اس کا بالکل اختیار ہے۔ کہ وہ جس وقت چاہے ان کو خرچ کرے۔ اور ان کے ذریعہ اپنی ضروریات پوری کریں۔ لہٰذا جو شخص نصاب کے بقدر ان نوٹوں کا مالک بن جائے۔ (بقدر نصاب ان نوٹوں کا مالک بن جائے) اور اس پر ایک سال گزر جائے تو اس پر زکوٰۃ واجب ہو جائے گی۔ اور اسی طرح اس گروہ میں مولانا عبدالحی لکھنویؒ کے خصوصی شاگرد اور " **عطر ھدایہ** " " **خلاصۃ التفاسیر** " کے مصنف مولانا فتح محمد لکھنوی اور ان کے بیٹے مولانا مفتی سعید احمد لکھنوی (سابق مفتی وصدر مدرس مدرسہ تکمیل العلوم کانپور) بھی شامل ہیں۔ انہوں نے اپنے والد ماجد کی یہ رائے ان کی کتاب عطر ہدایہ کے آخر میں نقل کی ہے۔ اور یہ بھی تحریر فرمایا ہے۔ کہ علامہ عبدالحیؒ لکھنوی بھی اس رائے میں ان کے موافق تھے۔ زیر بحث مسئلے میں مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہ کی رائے یہ ہے کہ مولانا موصوف صاحب نوٹ کے بارے میں علماء کی دو ۲/ رایوں کی پوری تفصیل ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں'' بہر حال! مندرجہ بالا بحث سے واضح ہو گیا کہ فقہی اعتبار سے یہ نوٹ اب قرض کی دستاویز کی حیثیت نہیں رکھتے ہیں۔ بلکہ " **فلوس نافقہ** " (مروجہ سکوں) کی طرح یہ علامتی کرنسی کی حیثیت اختیار کر گئے ہیں۔ جس طرح " **فلوس نافقہ** " کی ظاہری قیمت ان کی ذاتی قیمت سے کئی گنا زیادہ ہوتی ہے اور لوگوں میں ان نوٹوں کے ذریعے لین دین کا رواج " **فلوس نافقہ** " ہی کی طرح ہو گیا ہے۔ بلکہ موجودہ دور میں دھاتی سکوں کا وجود نادر ہو چکا ہے۔ لہٰذا ان نوٹوں کے بارے میں یہ حکم لگانا کہ اس کے ذریعے زکوٰۃ فی الفور ادا نہیں ہوتی یا ایک کرنسی کو دوسرے کرنسی نوٹ میں تبدیلی کو یہ کہہ کر ناجائز قرار دینا کہ " **بیع الکالی بالکالی** " کی قبیل سے ہے یا ان نوٹوں کے ذریعہ سونے چاندی کی خریداری کو اس لئے ناجائز قرار دینا کہ یہ '' بیع صرف '' ہے اور '' بیع صرف '' میں دونوں طرف سے مجلس میں قبضہ کرنا ضروری ہے، جو یہاں نہیں پایا گیا۔ ان تمام باتوں میں ناقابل تحمل حرج لازم آتا ہے۔ حالانکہ اس قسم کے معاملات میں شریعت مروجہ عرف عام کو معتبر مانتے ہوئے اس میں سہولت اور آسانی پیدا کر دیتی ہے۔ اور ایسے فلفسیانہ نظریہ کی دقیق بحثوں میں نہیں الجھتی جن کا عملی زندگی پر کوئی اثر نہ ہو۔ بہر حال مندرجہ بالا بحث سے یہ بات پوری طرح ثابت ہوگئی۔ کہ یہ کاغذی نوٹ کرنسی کے حکم میں ہے۔ مذکورہ بالا تحریرات پر اکتفاء کرتے ہوئے میں اپنے مقالے کو ختم کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس میں اگر کوئی کمی ہو تو معاف کر کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ تحریر اپنی دربار میں مقبول فرمائیں۔

من الله التوفیق للصواب و الیه المرجع و المآب

## مآخذ و مراجع:


(۱) قراردادیں اور سفارشات: جو اسلامی فقہ اکیڈمی کے سالانہ اجلاسات (۱۹۸۴ء تا ۱۹۹۲ء میں منظور کی گئیں)

(۲) الورق النقدی (حقیقته، تاریخه، قیمته، حکمه)

لعبد الله بن سلیمان بن منیع القاضی بمحکمة التمیز بمکة المکرمة وعضو هیئة کبار العلماء.

(۳) فقہی مقالات: تصنیف مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ (دار العلوم کراچی)



بسلسلہ جدید فقہی تحقیقات

جامعۃ المرکز الاسلامی کی ایک اور عظیم تاریخی تحقیقی اور علمی پیشکش

﴿امام ابوحنیفہ کی محدثانہ حیثیت﴾

باہتمام و نگرانی: مولانا سید نصیب علی شاہ (الہاشمی)

ترتیب: مولانا مفتی نعمت اللہ حقانی

جس میں امام ابوحنیفہؒ کی تابعیت، ثبوت، روایات، صحابہ کرام سے سماع، علم حدیث میں مقام و مرتبہ، اکابر ائمہ کے السنہ سے امام کے حق میں اقوال اور محسنہ کلمات، امام ابوحنیفہ پر طعن و اعتراضات کا تحقیقی جائزہ اور علمی محاسبہ، امام ابوحنیفہ بحیثیت ایک عظیم مصنف، مسانید تصنیفات و تالیفات، کتاب الآثار اور اسکے نسخے ''تعلیقات و تشریحات'' فقہ حنفی کی ترجیحات اور امتیازی خصوصیات اور موضوع سے متعلق دیگر اہم مضامین شامل ہیں۔ اہل ذوق کی خدمت میں اطلاعاً عرض ہے کہ کتاب محدود تعداد میں چھپے گی۔ پہلے سے اپنی کاپی محفوظ کر لیجئے۔

برائے رابطہ: دفتر جامعہ المرکز الاسلامی پوسٹ بکس نمبر 33 بنوں صوبہ سرحد فون نمبر: 0928-310353 فیکس: 310355


© rasailojaraid.com